Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Secretariat

پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی اعلامیہ:

آج 22 اگست 2024 کو پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں بانی چیئرمین عمران خان کے کیئے گئے اس فیصلے کی متفقہ طور پر تائید کی گئی جس کے تحت آج اسلام آباد میں منعقد ہونے والے جلسہ کو 8 ستمبر تک ملتوی کر دیا گیا۔

یہ فیصلہ کرنے میں عمران خان نے ایک دفعہ پھر اس بات کو ثابت کیا کہ پاکستان تحریک انصاف پر امن سیاست میں یقین رکھتی ہے اور وہ ملک کے اندر کام کرنے والے انتشاری ٹولے کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے سیاسی قیمت ادا کرنے سے بھی گریز نہیں کرے گی۔

کور کمیٹی اس بات کا بھی متفقہ طور پر اعادہ کیا کہ ملک بھر میں آئندہ ہونے والے تمام جلسے اپنے مقررہ وقت پر منعقد ہونگے اور اس میں حکومتی اداروں کی کسی قسم کی مداخلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

کور کمیٹی نے متفقہ طور پر چیف منسٹر خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کی کوششوں کو سراہا جو انہوں نے ملک میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے کیں جن کی اہمیت الفاظ میں بیان نہیں کی جا سکتی۔

کور کمیٹی نے پاکستان تحریک انصاف کے لیڈران اور خاص طور پر کارکنان کے اس جذبے کو سراہا جس کا مظاہرہ انہوں نے اس جلسہ کو کامیاب بنانے کیلئے کیا۔ ہمارے کارکنان ہماری پارٹی کا ایسا سرمایہ ہیں جس کہ کوئی نعم البدل نہیں۔

کور کمیٹی کے ممبران نے متفقہ طور پر اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ وہ بانی چیئرمین عمران خان کے سیاسی وژن کو آگے بڑھانے کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے ہر وقت تیار رہیں گے کیونکہ پاکستان کا مستقبل اور پاکستان کی عوام کا مستقبل اسی وژن کی تکمیل میں پنہاں ہے۔

منجانب:

مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

پاکستان تحریک انصاف